| Narration | Time |
|---|---|
| گھر میں چہرے کے حفاظتی نقاب بنانے کے بارے میں اسپوکن ٹیوٹوریل میں خوش آمدید۔ | 0:00 |
| اس ٹیوٹوریل میں ہم اِن کے بارے میں سیکھیں گے: | 0:06 |
| ہمیں حفاظتی نقاب پہننے کی ضرورت۔ | 0: 10 |
| صحت کے کارکنوں یعنی ہیلتھ ورکرس اور COVID-19 کے مریضوں کے لئے اہم انتباہ۔ | 0: 14 |
| حفاظتی نقاب پہننے سے متعلق احتیاطی تدابیر۔ | 0:20 |
| سلائی مشین کے ساتھ اوراس کے بغیر حفاظتی نقاب بنانے کے طریقے | 0:25 |
| حفاظتی نقاب پہننے سے پہلے اور نکالتے وقت کے احتیاطی تدابیر۔ | 0:32 |
| حفاظتی نقاب کو جراثیم سے پاک کرنے اور اسٹور کرنے کا صحیح طریقہ۔ | 0:38 |
| ہمیں پہلے حفاظتی نقاب پہننے کی ضرورت کو سمجھنا چاہئے۔ | 0:44 |
| خود کو کوروناوائرس (CoronaVirus) سے بچانے کے لئے، چہرے کا حفاظتی نقاب پہننا ضروری ہے۔ | 0:50 |
| ہندوستان کے گنجان آباد ہونے کی وجہ سے خاص طور پر حفاظتی نقاب پہننے کی صلاح دی جاتی ہے | 0:56 |
| کوروناوائرس کی روک تھام اور کنٹرول کے لئے حفاظتی نقاب کی کئی اقسام استعمال ہوتی ہیں | 01:03 |
| ان میں گھر کا بنا حفاظتی نقاب بنانے میں آسان ہے اور اسے دوبارہ استعمال بھی کیا جاسکتا ہے۔ | 1:10 |
| آگے بڑھنے سے پہلے، اہم انتباہات یاد رکھیں۔ | 1:18 |
| گھر سے بنا نقاب ہیلتھ ورکرس کے لئے نہیں ہے۔ | 1:23 |
| یہ نہ تو COVID-19 مریضوں کے ساتھ کام کرنے والوں اور نا یہ ان کے ساتھ رابطے میں رہنے والے لوگوں کے لئے ہے۔ | 1:28 |
| CoVID-19 مریضوں کو گھر سے تیار کردہ نقاب استعمال نہیں کرنا چاہئے۔ | 1:37 |
| ایسے تمام لوگوں کو صرف مخصوص حفاظتی پوشاک پہننی چاہئے۔ | 1:42 |
| کچھ حفاظتی احتیاطی تدابیر بھی ہیں جو آپ کو ہمیشہ یاد رکھنی چاہئے۔ | 1:48 |
| گھر میں بنے حفاظتی نقاب مکمل تحفظ نہیں دیتے ہیں۔ | 1:53 |
| وہ صرف متاثرہ شخص کی سانس کے ذریعے پھیلائی بوندوں کو ہماری سانس کے ذریعے اپنے اندر لینے کے امکانات کو کم کرتے ہیں۔ | 1:58 |
| دھوئے بغیر حفاظتی نقاب استعمال نہ کریں۔ | 2:06 |

| | |
|---|---|
| 2:10 | اپنا نقاب کسی اور کو پہننے نہ دیں۔ |
| 2: 14 | ہر ایک کے ساتھ کم از کم 2 میٹر معاشرتی فاصلہ برقرار رکھیں۔ |
| 2:21 | اپنے ہاتھوں کو 40 سیکنڈ تک صابن سے بار بار دھوئیں۔ |
| 2:26 | اب ہم گھر پر دوبارہ استعمال کے قابل نقاب بنانے کا ایک آسان طریقہ دیکھیں گے۔ |
| 2:33 | یہ ایک سوتی کپڑے کا استعمال کرتے ہوئے بنایا جا سکتا ہے جو گھر پر آسانی سے دستیاب ہوتا ہے۔ |
| 2:38 | اس کو بنانے کے دوران یہ یقینی بنائیں کہ یہ منہ اور ناک کو ڈھانپنے والا ہو۔ |
| 2:44 | یہ آسانی سے چہرے پر باندھنے کے قابل ہونا چاہیئے۔ |
| 2:49 | گھر میں بنے چہرے کے نقاب آسانی سے اور سلائی مشین کے ساتھ اور اس کے بغیر بنائے جا سکتے ہیں۔ |
| 2:55 | آیئے پہلے یہ دیکھیں کہ سلائی مشین سے حفاظتی نقاب کیسے بنائیں۔ |
| 3:02 | آپ کو 100% سوتی کپڑے کی ضرورت ہوگی۔ |
| 3:06 | کپڑے کے رنگ سے کوئی فرق نہیں پڑتا ہے۔ |
| 3:10 | بنانے سے پہلے کپڑے کو اچھی طرح سے دھولیں |
| 3:13 | اور اسے نمکین پانی میں 5 منٹ کے لئے ابالیں۔ |
| 3:17 | کپڑے کو اچھی طرح خشک ہونے دیں اور پھر اسے استعمال کریں۔ |
| 3:21 | دیگر ضروری اشیا ہیں: |
| 3: 23 | کپڑے کی پٹیوں کے چار ٹکڑے |
| 3:26 | مقراض یعنی کینچی اور ایک سلائی مشین |
| 3:29 | میں حفاظتی نقاب بنانے کے طریقہ کار کی وضاحت کروں گا۔ |
| 3:34 | چہرے کے نقاب کے لئے کپڑا کاٹنے کے ساتھ شروع کریں۔ |
| 03:39 | بالغوں کے لئے یہ 9 انچ x 7 انچ ہونا چاہیئے۔ |
| 3:44 | بچوں کے لئے یہ 7 انچ x 5 انچ ہونا چاہیئے |
| 3:50 | اب ہم پٹیاں کاٹیں گے۔ |
| 3:53 | بالغ سائز کے نقاب بنانے کے لئے، باندھنے اور پائپنگ کے لئے 4 پٹیاں کاٹ دیں۔ |
| 03:59 | 1.5 انچ x 5 انچ کے دو پیس |

| | |
|---|---|
| 4:05 | نیز 1.5 انچ x 40 انچ کے دو پیس |
| 4:11 | کپڑے پر پائپنگ کے طور پر استعمال کے لئے ایک سرے پر 1.5 انچ x 5 انچ کی پٹی جوڑیں۔ |
| 4:19 | کپڑا موڑ کر نیچے کی طرف آتی ہوئی 1.5 انچ کی 3 تہیں یعنی pleats بنائیں۔ |
| 4:28 | تہہ کیئے ہوئے کپڑے کو دوسری طرف موڑیں اور تہہ کرنے والے سٹیپس پھر سے دہرائیں۔ |
| 4:34 | اب کپڑے کی اونچائی 9 انچ سے گھٹ کر 5 انچ ہو جائے گی۔ |
| 4:42 | دونوں اطراف سے پائپنگ کے ذریعہ تہوں یعنی pleats کو محفوظ بنائیں |
| 4:46 | اس بات کا خاص خیال رکیں کہ تہیں یعنی pleats کا رُخ نیچے کی اور ہو۔ |
| 04:51 | اب، نقاب کے اوپر اور نیچے 40 انچ لمبی پٹی کو جوڑیں۔ |
| 04:59 | ایک بار پھر ان دونوں پٹیوں کو تین بار تہہ یعنی فولڈ کریں اور سلائی کریں۔ |
| 05:05 | آپ کا نقاب استعمال کرنے کے لئے تیار ہے۔ |
| 05:09 | اسے پہنتے وقت نقاب اور آپ کے چہرے کے درمیان کوئی خالی جگہ نہیں ہونی چاہیئے۔ |
| 05: 15 | جو سائڈ آپ کی طرف ہو اُسکے pleats یعنی تہوں کا رُخ نیچے کی اور ہونا چاہیئے |
| 05:21 | دوبارہ استعمال کے لئے کبھی بھی نقاب اُلٹی طرف سے نہ پہنیں |
| 05:24 | اور اسے ہر استعمال کے بعد اچھی طرح سے دھولیں۔ |
| 05:28 | آپ کو اپنے چہرے اور آنکھوں کو ہاتھ نہیں لگانا چاہیئے۔ |
| 05:31 | گھر پہنچنے پر اپنے ہاتھوں کو اچھی طرح دھوئیں۔ |
| 05:35 | آیئے اب دیکھتے ہیں کہ سلائی مشین کے بغیر نقاب کیسے بنائیں۔ |
| 05:41 | آپ کو ضرورت پڑے گی: 100% کاٹن یعنی سوتی میٹریل یا مردوں کا سوتی رومال |
| 05:47 | اور 2 ربڑ بینڈ۔ |
| 05:50 | میں اب حفاظتی نقاب بنانے کے طریقہ کار کی وضاحت کروں گا۔ |
| 05:55 | رومال کو ایک طرف سے کپڑے کے وسط سے تھوڑا سا اُپر تہہ کریں |
| 06:01 | پہلے تہہ کے اُپر جانے کیلیے اب دوسرے کنارے کو تہہ کریں۔ |
| 06:07 | اس کو وسط سے یکساں طور پر دوبارہ تہہ کریں |
| 06:11 | ربڑ بینڈ لیں اور اسے کپڑے کے بائیں طرف باندھ دیں۔ |

| | |
|---|---|
| 06:15 | اب دوسری طرف بھی ایک اور ربڑ بینڈ باندھیں۔ |
| 06:20 | اس بات کو یقینی بنائیں کہ دونوں ربڑ بینڈ کے بیچ کا علاقہ کافی بڑا ہو۔ |
| 06:25 | جس سے آپ اپنے منہ اور ناک کو ڈھانپ سکتے ہیں۔ |
| 06:30 | ربڑ بینڈ کے ایک طرف پر کپڑے کا ایک اور کنارہ لیں اور اس پر تہہ کریں۔ |
| 06:36 | ایسا دونوں اطراف کے لئے کریں۔ |
| 06:38 | اب ایک تہہ لیں اور دوسرے فولڈ یعنی تہہ میں ڈالیں۔ |
| 06:43 | آپ کا نقاب استعمال کے لئے تیار ہے۔ |
| 06:47 | اس نقاب کو پہننے کے لئے دونوں ربڑ بینڈوں کو اپنے کانوں کے گرد لپیٹ لیں۔ |
| 06:53 | جیسا کہ پہلے ذکر کیا گیا ہے، اس بات کو یقینی بنائیں کہ نقاب آپ کے منہ اور ناک کے گرد فٹ ہونا چاہئے۔ |
| 07:00 | ان کے مابین کوئی فاصلہ نہیں ہونا چاہئے۔ |
| 07:04 | گھر کا بنا حفاظتی نقاب پہننے سے پہلے احتیاطی تدابیر پر عمل کریں۔ |
| 07:10 | نقاب پہننے سے پہلے اپنے ہاتھوں کو اچھی طرح دھوئیں۔ |
| 07:14 | جیسے ہی نقاب نم یا مرطوب ہو جائے گا، کوئی دوسرا حفاظتی نقاب پہنیں۔ |
| 07:21 | نقاب کے ہر ایک استعمال کے بعد، اسے اگلے استعمال کے لئے دھوئیں۔ |
| 07:27 | ایک گھر میں ہر فرد کو اپنا الگ الگ نقاب ہونا چاہئے۔ |
| 07:32 | ہٹاتے وقت، نقاب کے چہرے کے سامنے والے حصے یا کسی اور طرف سے نا چھوئیں۔ |
| 07:38 | اسے صرف پیچھے بندھی پٹیوں یا ربڑ کے بینڈوں سے کھولیں۔ |
| 07:43 | نقاب نکالنے کے لئے، ہمیشہ پہلے نیچے کی پٹیاں اور پھر اوپر والی پٹیاں کھولیں۔ |
| 07:51 | ہٹانے کے بعد، اپنے ہاتھوں کو صابن اور پانی سے فوری طور پر 40 سیکنڈ تک دھوئیں۔ |
| 07:58 | آپ 65% الکحل پر مبنی ہینڈ سینیٹائزر بھی استعمال کر سکتے ہیں۔ |
| 08:04 | اب میں آپ کو بتاؤں گا کہ کس طرح نقاب کو جراثیم سے پاک کرنا ہے۔ |
| 08:09 | برائے مہربانی لازمی طور پر اس طریقے پر عمل کریں۔ |
| 08:12 | حفاظتی نقاب کو صابن اور گرم پانی سے اچھی طرح سے دھولیں۔ |
| 08:17 | کم از کم 5 گھنٹے تک اسے دھوپ میں خشک کریں۔ |

| | |
|---|---|
| 08:21 | متبادل طور پر، آپ اسے پاک کرنے کے لئے پریشر کُکر استعمال کر سکتے ہیں۔ |
| 08:25 | نقاب کو پریشر کُکر میں پانی میں رکھیں۔ |
| 08:29 | اس میں نمک ڈالیں اور کم از کم 10 منٹ تک اُبالیں۔ |
| 08:33 | پھر، اسے باہر نکالیں اور اسے کسی صاف جگہ پر خشک ہونے دیں۔ |
| 08:38 | آپ نقاب کو 15 منٹ تک گرم پانی میں بھی ابال سکتے ہیں۔ |
| 08:44 | اگر آپ کو پریشر کُکر یا ابلتے پانی تک رسائی حاصل نہیں ہے تو، صابن استعمال کریں۔ |
| 08:51 | صابن سے دھو کر صاف کریں |
| 08:54 | اور چہرے کے نقاب پر 5 منٹ تک گرمی دیں |
| 08:59 | گرمی دینے کی لئے آپ استری کا استعمال کر سکتے ہیں۔ |
| 09:04 | یہ صلاح دی جاتی ہے کہ آپ کم سے کم دو نقاب بنائیں۔ |
| 09:09 | آپ ایک پہن سکتے ہیں، جب تک دوسرا دھو کر سوکھ جائے۔ |
| 09:13 | اب، آیئے ہم صاف نقاب کو اسٹور کرنے کا طریقہ سیکھیں۔ |
| 09:18 | پلاسٹک کا کوئی بھی بیگ لیں، اسے صابن اور پانی سے اچھی طرح صاف کریں۔ |
| 09: 23 | اسے دونوں اطراف سے اچھی طرح سے خشک ہونے دیں۔ |
| 09:27 | اس صاف بیگ میں اضافی نقاب رکھیں اور اس اچھی طرح بند کریں۔ |
| 09:32 | روزانہ استعمال کے لئے اب آپ اپنے نقاب ایک ایک کر کے استعمال کر سکتے ہیں۔ |
| 09:38 | اب ہم اس ٹیوٹوریل کے اختتام پر آ گئے ہیں |
| 09:41 | مختصراً اس ٹیوٹوریل میں ہم نے سیکھا |
| 09:45 | کورونا وائرس کی وجہ سے حفاظتی نقاب پہننے کی ضرورت۔ |
| 09:51 | ہم نے اہم انتباہات کے بارے میں بھی سیکھا۔ |
| 09:54 | صحت کے کارکنوں کو گھر میں بنے نقاب نہیں پہننے چاہئیں۔ |
| 09:59 | COVID-19 مریضوں کے ساتھ رابطے میں رہنے والے افراد بھی اسے استعمال نہ کریں۔ |
| 10:05 | کوویڈ 19 - کے مریضوں کے رابطے میں لوگوں کو بھی ان نقابوں کا استعمال نہیں کرنا چاہیئے۔ |
| 10: 10 | ان سب کو لازمی طور پر مخصوص حفاظتی پوشاک پہننی چاہیئے۔ |

| | |
|---|---|
| ہم نے حفاظتی تدابیر کے بارے میں بھی سیکھا۔ | 10: 15 |
| گھر میں بنے نقاب مکمل تحفظ نہیں دیتے۔ | 10: 19 |
| نقاب نہ تو دھوئے بغیر استعمال کیا جانا چاہئے اور نہ ہی کسی کو استعمال کرنے دینا چاہئے۔ | 10: 23 |
| لازمی طور پر کم سے کم 2 میٹر کی معاشرتی دوری برقرار رکھیں۔ | 10: 29 |
| بار بار 40 سیکنڈ تک صابن سے ہاتھ دھوئیں۔ | 10:34 |
| ہم نے سلائی مشین کے ساتھ اور اس کے بغیر نقاب بنانے کا طریقہ بھی سیکھا۔ | 10:39 |
| حفاظتی نقاب اتارنے سے پہلے اور پہنے جانے سے پہلے احتیاطی تدابیر بھی سیکھیں۔ | 10: 45 |
| اور حفاظتی نقاب پاک وصاف کرنے اور اسٹور کرنے کا صحیح طریقہ بھی۔ | 10:51 |